پیش رفت

قرآن اکیڈمی ملتان میں تیس روزہ قرآنی تربیت گاہ

گزشتہ شمارے میں قرآن اکیڈمی کراچی میں فہم قرآن کورس کے اجراء کے موقع پر منعقد ہونے والی تقریب کی رپورٹ شائع کی گئی تھی۔ قرآن اکیڈمی ملتان سے موصول ہونے والی زیر نظر رپورٹ کو بھی گزشتہ شمارے ہی میں شامل کرنے کا پروگرام تھا' لیکن صفحات کی قلت کے باعث یہ ممکن نہ ہوا۔ چنانچہ تاخیر ہی سے سہی' اب یہ رپورٹ حاضر ہے۔ (ادارہ)

قرآن اکیڈمی ملتان میں سال گزشتہ کی طرح امسال بھی ۱۲ جون تا ۱۱ جولائی ایک تیس روزہ قرآنی تربیت گاہ کا اہتمام کیا گیا۔ یہ تربیت گاہ اکیڈمی کے ایئر کنڈیشنڈ ہال میں ہوئی۔ الحمد للہ ۵۵ افراد نے آخری دن کی تقریبات میں کورس کی تکمیل کی سند حاصل کی۔ ان میں سے ۴۰ افراد اکیڈمی ہی میں مقیم رہے۔ رہائش کے علاوہ تعلیم اور طعام بھی فری تھا۔ دوپہر اور رات میں گرمی کی حدت کم کرنے کے لئے desert کولر استعمال کئے گئے' جبکہ مسجد کو بھی ایئر کنڈیشنڈ کیا گیا۔

صبح ساڑھے سات بجے سے ۲ بجے تک پہلا سیشن ہوتا اور عصر تا عشاء دوسرا سیشن۔ صبح کے اوقات میں ۴۵ منٹ کے ۸ لیکچر ہوتے اور درمیان میں چائے کا وقفہ۔ پہلے پیریڈ میں قرآن کا منتخب نصاب پڑھایا جاتا۔ دوسرے میں مولانا امین احسن اصلاحی کی کتاب "دعوت دین اور اس کا طریقہ کار" کا مطالعہ کرایا جاتا۔ تیسرے میں عربی اور چوتھے میں تاریخ اسلام۔ وقفے کے بعد پانچویں پیریڈ میں تجوید و قراءت' چھٹے میں آداب زندگی اور تذکرہ صحابہ رضی اللہ عنہم۔ ساتویں میں حدیث اور آخری پیریڈ میں جنرل سوالوں کے جواب دیئے جاتے۔ ظہر کی نماز اور کھانے سے فارغ ہو کر لڑکے آرام کرتے۔ عصر کے بعد تقریری مقابلہ اور بیت بازی کا ایک پیریڈ ہوتا اور مغرب کے بعد پروفیسر تاثیر وجدان صاحب اقبالیات پڑھاتے۔ عشاء سے فارغ ہو کر کچھ دیر چہل قدمی کے بعد انہیں سلا دیا جاتا۔

ان ۳۰ دنوں میں شرکاء نے کیا پایا' یہ تو وہی بتا سکیں گے۔ لیکن آخری دن ان کے جو تاثرات سامنے آئے ان سے ہماری بہت حوصلہ افزائی ہوئی۔ ۱۴ افراد نے رجوع الی القرآن کی تحریک میں عملی شرکت کی غرض سے تنظیم اسلامی کے قافلہ میں شمولیت اختیار کی۔ آخری دن شرکاء میں سندیں' انعامات اور "نصیحتیں" تقسیم کی گئیں۔ مہمان خصوصی قائم مقام امیر تنظیم اسلامی جناب رحمت اللہ بٹر صاحب نے علم کی حقیقت و اہمیت کو واضح کیا اور زندگیوں کو قرآن و حدیث کے مطابق استوار کرنے کی تلقین فرمائی۔ اس پروگرام کے روح رواں جناب مختار حسین فاروقی صاحب تھے جنہوں نے انتھک محنت سے اس پروگرام کو جاندار بنایا' محترم ڈاکٹر منظور حسین صاحب نے بہت خوش اسلوبی سے انتظامی امور کو سنبھالا اور ساتھ حدیث کا مطالعہ بھی کروایا۔ جن حضرات نے اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں مالی تعاون فرمایا اللہ انہیں بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین OO

(مرتب : ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی)